٧

# پرانی موٹر کار

شاعرؔ لکھنوی

پیدائش: ۱۶/نومبر ۱۹۱۷ء وفات: ۲۳/ستمبر ۱۹۸۹ء

شاعرؔ لکھنوی نے اپنی مزاحیہ نظموں میں روزمرہ کی چیزوں کو پُر مذاق انداز میں بیان کیا ہے۔ 'پرانی موٹر کار' بھی ان کی ایسی ہی نظم ہے۔

موٹر کار جب بہت زیادہ پرانی ہوجاتی ہے تو اس کے چلنے اور چلانے میں بڑی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسی ہی پرانی کار کے نقشے کو شاعر نے اتنے دلچسپ انداز میں پیش کیا ہے کہ پڑھتے وقت بے ساختہ ہنسی آ جاتی ہے۔

سمجھنا مِزاج اس کا دشوار ہے
عَجَب کلّے ٹھلّے کی یہ کار ہے

چلی ، پھر رُکی ، پھر چلی ، پھر رُکی
سنبھالا جو دائیں تو بائیں جُھکی

جہاں دیدہ کاروں کی دادی ہے یہ
کہ قِسطوں میں چلنے کی عادی ہے یہ

شجر اور حجر آزمائے ہوئے
بڑے زخم باڈی پہ کھائے ہوئے

نئی دُھن بناتی ہے اک اک قدم
یہ گاتی زیادہ ہے ، چلتی ہے کم

نہ سمجھے گویّے بھی اب تک یہ راز
بجاتی ہے اک چال میں کتنے ساز

بھگائیں اگر تیز اس کو ذرا
تو سمجھو سڑک پر ہے انجن دھرا



ہر اک بات اس کی انوکھی ہے یار
بجاؤ جو بھونپو ، بج اُٹھتی ہے کار

پریشاں جو گرمی سے ہوں خاص و عام
تو مڈگارڈ پنکھوں کا دیتے ہیں کام

یہ پیتی ہے خوش رنگ مٹّی کا تیل
ہے اپنے زمانے کی طوفان میل

یقیں کیجیے آپ اس بات کا
یہ ماڈل ہے اُنّیس سو سات کا

************

| | | |
|---|---|---|
| دشوار | - | مشکل |
| عَجَب کلّے ٹھلّے کی | - | عجیب بناوٹ کی |
| جہاں دیدہ | - | دنیا دیکھا ہوا، مراد ہے بہت زیادہ عمر والا/ پرانا |
| قسط | - | حصّہ |
| شجر اور حجر آزمائے ہوئے | - | درختوں اور چٹانوں سے ٹکرانے کا تجربہ رکھنے والی |
| بڑے زخم باڈی پہ کھائے ہوئے | - | کار کوئی حادثے پیش آچکے ہیں۔ |
| زیادہ گاتی ہے | - | زیادہ شور کرتی ہے۔ |
| بجاتی ہے اک چال میں کتنے ساز | - | چلتی ہے تو اس کے ہر پرزے سے کئی آوازیں نکلتی ہیں۔ |
| دھرا رہنا | - | باقی رہنا، کھڑا رہ جانا |
| انوکھی | - | عجیب |
| خوش رنگ | - | اچھا رنگ |
| مٹّی کا تیل | - | یہاں مراد پٹرول |
| طوفان میل | - | ایک تیز رفتار ٹرین کا نام |
| یہ ماڈل ہے اُنّیس سو سات کا | - | یہ کار ۱۹۰۷ء کی بنی ہوئی ہے |

## مشق

❋ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

۱۔ کس کا مزاج سمجھنا دشوار ہے؟
۲۔ تیسرے شعر میں شاعر نے کار کو کیا کہا ہے؟
۳۔ کار کے قسطوں میں چلنے سے کیا مراد ہے؟
۴۔ کار کے شور مچانے کو شاعر نے کیا کہا ہے؟
۵۔ شاعر کے نزدیک کار کی کون سی بات انوکھی ہے؟
۶۔ شاعر نے طوفان میل کسے کہا ہے؟
۷۔ یہ کار کتنے سال پرانی ہے؟

❋ اس نظم میں شاعر نے پرانی کار کا جو نقشہ کھینچا ہے، اسے اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

❋ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

۱۔ جہاں دیدہ کاروں کی دادی ہے یہ
کہ قسطوں میں چلنے کی عادی ہے یہ
۲۔ نہ سمجھے گویّے بھی اب تک یہ راز
بجاتی ہے اک چال میں کتنے ساز
۳۔ پریشاں جو گرمی سے ہوں خاص و عام
تو مڈگارڈ پنکھوں کا دیتے ہیں کام

❋ نظم کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔

۱۔ عجب ............... کی یہ کار ہے
۲۔ کہ قسطوں میں چلنے کی ............... ہے یہ
۳۔ نہ سمجھے ............... بھی اب تک یہ راز
۴۔ تو سمجھو سڑک پر ہے ............... دھرا
۵۔ یہ پیتی ہے خوش رنگ ............... کا تیل

3TD6EX

### سرگرمی :

’پرانی موٹر کار‘ کی طرح سائیکل، موٹر سائیکل پر بھی مزاحیہ نظمیں کہی گئی ہیں۔ استاد/ والدین کی مدد سے کوئی ایک نظم تلاش کیجیے اور اپنی بیاض میں خوش خط لکھیے۔